کتاب کی کمپوزنگ وسیٹنگ عمدہ، ٹائٹل دیدہ زیب اور طباعت واشاعت معیاری ہے۔

درسی بہشتی زیور (خواتین کے لئے): **تالیف**: حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ۔ **ناشر**: مکتبہ بیت العلم کراچی، **صفحات**: 587، **سائز**: 23×30/8، **قیمت**: 450 روپے۔

جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے کہ ''بہشتی زیور'' اصل میں مسلمان خواتین کی علمی آگہی اور عملی تربیت کی غرض سے تالیف کی گئی تھی، جس میں خواتین سے متعلق دین ودنیا کی ہر ضروری اور اہم بات ذکر کی گئی ہے، حتیٰ کہ اس میں عبادات ومعاملات کے مسائل کے علاوہ آدابِ معاشرت، تربیت اولاد کے زرین اصول، امور خانہ داری، مفید طبی نسخے وچٹکلے ،غرض خواتین کی دینوی واخروی ضرورت کی ہر چیز موجود ہے۔ اور بقول شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم: ''تجربہ یہ ہے کہ جن خواتین کا مبلغ علم صرف ''بہشتی زیور'' کی حد تک محدود رہتا تھا، وہ آج کی گریجویٹ خواتین سے زیادہ شائستہ، باذوق، سلیقہ شعار، اور مہذب ہوا کرتی تھیں۔''

بلا مبالغہ خواتین کی تعلیم وتربیت سے متعلق اردو میں کوئی بھی کتاب جامعیت ومستند ہونے میں اس کی ہمسری نہیں کرسکتی۔

کتاب کی زبان چونکہ ایک سو سال پرانی ہے، جسے نئی نسل کے لئے سمجھنا دشوار ہے، اس لئے ضرورت تھی کہ اس کی زبان کو آسان وعام فہم بنایا جائے۔ اللہ تعالیٰ ''مدرسہ بیت العلم'' کے اساتذہ کو جزائے خیر دے جنہوں نے اس مشکل کام کا بیڑہ اٹھایا اور کتاب کی تسہیل کی غرض سے اس میں اس طرح مفید تصرفات کئے کہ اصل کتاب کی روح کو مجروح نہیں ہونے دیا۔ نیز بہشتی زیور اور بہشتی گوہر دونوں کے مسائل یک جاذ کر کردیئے گئے ہیں، مشکل الفاظ کے معانی اور پیچیدہ مسائل کی وضاحت حاشیہ میں کردی گئی ہے، کتاب کو فقہی ابواب کی ترتیب پر رکھا گیا ہے۔ نیز ہر بات میں مسائل کی وضاحت کے لئے عنوانات قائم کئے گئے ہیں اور اختتام باب پر مفید سوالات پر مشتمل تمرین دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں بعض مسائل کی اہمیت کے پیش نظر ان کے کچھ فضائل بھی درج کردیے گئے ہیں۔ یوں اب اس کتاب سے استفادہ مزید آسان ہوگیا اور اس کی افادیت دوچند ہوگئی ہے۔

یہ کتاب عمدہ کمپوزنگ وسیٹنگ، دلکش ٹائٹل اور مضبوط جلد بندی کے ساتھ شائع کی گئی ہے۔ امید ہے مسلمان خواتین اس کی کماحقہ قدر دانی کریں گی۔

کتاب الفتاوی: **تالیف**: مولانا خالد سیف اللہ رحمانی، **ناشر**: زمزم پبلشرز کراچی، **ضخامت**: چھ حصے، تقریباً 2787 صفحات۔ **سائز**: 23×36/16۔ **قیمت**: 1500 روپے۔

مولانا خالد سف اللہ رحمانی ایک ٹھیٹھ علمی خانوادہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ کے دادا مولانا عبد الاحد دار العلوم دیوبند کے فاضل، جلیل القدر عالم، مولانا اعزاز علیؒ کے درسی ساتھی اور شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ کے شاگرد تھے۔ آپ کے والد ماجد مولانا حکیم زین العابدینؒ بھی صاحب قلم اور بڑے علماء میں سے تھے، مگر انہیں شہرت نہیں مل سکی۔ البتہ آپ کے